901-الکحل پر مشتمل سرکہ

سوال

زندہ مرغی تول کر فروخت کرنے کا حکم کیا ہے ؟
اور چھ فیصد 6% الکل پر مشتمل سرکہ فروخت کرنے کا حکم کیا ہے ؟

پسندیدہ جواب

اول :

تول کر مرغی خریدنے میں کوئی حرج نہیں، اصل یہی ہے ہمارے علم کے مطابق تو اس کے مخالف کوئی دلیل نہیں ہے.

دوم :

حدیث شریف سے ثابت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"جس کی کثیر مقدار نشہ آور ہو تو اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہے"

مسند احمد (2/179، 167، 91، 3/343).

چنانچہ اگر سرکہ کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو تو پھر اس کی قلیل مقدار بھی حرام ہوگی، اور اس کا حکم شراب والا حکم ہی ہوگا.

لیکن اگر اس کی کثیر مقدار نشہ آور نہ ہو تو پھر سرکہ فروخت کرنے، اور اسے خریدنے اور اسے نوش کرنے میں کوئی حرج نہیں.